میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ شام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

منگل، 3 جمادی الاول 1438ھ | 31/01/2017 | نمبر: 011/1438

اتحاد ایک دو دھاری تلوار ہے، سوائے اس کے کہ یہ صحیح بنیاد پر استوار ہو

- ایک واحد فوجی اکائی میں ڈھلنے کے لیے مختلف جہادی گروہوں کا اتحاد اور ان کا ملاپ جائز اور مقبول مطالبہ تھا، اور ہم نے موجودہ تکلیف دہ صورتحال میں مبتلا ہونے سے قبل آپ سے یکجا ہونے کو کہا تھا۔
- لیکن آج جو ہو رہا ہے اس کے نتیجے میں موجودہ منظر نامہ تقریباً دو حصوں میں تقسیم ہوتا ہے، اور یہ وہ تقسیم ہے جس میں کئی خطرات اور خدشات پنہا ہیں، جس سے مستقبل میں دونوں گروہوں کے درمیان خوفناک تصادم ہو سکتا ہے جس سے اللہ نہ کرے شام کا انقلاب ختم ہو سکتا۔
- یہ خطرناک تقسیم اس وجہ سے ہے کہ وہ جو انقلاب کے عسکری اور غیر عسکری معاملات چلا رہے ہیں، انہوں نے درست سیاسی قیادت کا چناؤ نہیں کیا ہے۔ وہ سیاسی قیادت جو اس بات کی اہل ہو کہ قرآن و سنت سے واضح سیاسی منصوبہ اور انقلاب کے بنیادی مقاصد اخذ کر کے پیش کر سکے، جو اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی خوشنودی کا باعث ہو، جو شام کے مستقبل کو بیان کر سکے اور جو مقاصد اور اہداف میں موجود ابہام کو دور کر سکے کیونکہ یہ وہ اہم وجوہات ہیں جو تنازعہ اور اختلاف کا باعث ہیں۔
- جہاں تک اس سیاسی جماعت کا تعلق ہے جس کے زیر سایہ ہم تمام جماعتوں کو یکجا ہونے کے لیے کہہ رہے ہیں تو وہ حزب التحریر ہے۔
- جہاں تک بنیادی اصولوں کی بات ہے، جن پر اختلاف کرنے والی جماعتوں کو لازمی بات کرنے کی ضرورت ہے، تو وہ یہ ہیں: مغرب اور ان کے ایجنٹ حکمرانوں سے اور ان کے گندے سیاسی مال و دولت سے ناطہ توڑیں، حکومت کو اس کی تمام نشانیوں اور ستونوں سمیت اکھاڑ پھینکیں، اور نبوت کے طریقے پر خلافت کا قیام عمل میں لائیں۔
- واضح سیاسی منصوبہ خلافت کا منصوبہ ہے جو حزب التحریر پیش کر رہی ہے اور حزب اس ریاست کے آئین، ڈھانچے، اداروں اور حکمرانی کے طریقہ کار سے متعلق معمولی سے معمولی جزیات تک بیان کر رہی ہے۔
- اس لیے نئے فوجی گروہ خود کو لازمی امت کے شعور کی سطح تک بلند کریں، اور صحیح راستے پر چلیں، اور اس طرح وہ تمام حزب التحریر کی سیاسی قیادت کے زیر سایہ متحد ہو جائیں جو ان کی توانائیوں کو درست سمت میں گامزن کرے گی، اور اللہ العزیز الحکیم کے حکم سے امت کی ریاست، ریاست خلافت قائم کرے گی۔
- لہٰذا ہم اپنے انقلاب کو الجھنوں اور گہری کھائی سے نکال کر ایک درست سمت کی جانب گامزن کر دیں اور خود کو اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی مدد کا حقدار بنا لیں۔

(أَفَمَنْ يَمْشِي مُكِبًّا عَلَى وَجْهِهِ أَهْدَى أَمَّنْ يَمْشِي سَوِيًّا عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ)

"اچھا وہ شخص زیادہ ہدایت والا ہے جو اپنے منہ کے بل اوندھا ہو کر چلے یا وہ جو سیدھا (پیرو کے بل) راہ راست پر چلا ہو؟" (الملک: 22)

ولایہ شام میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ای میل: media@tahrir-syria.info
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org